توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 612

منجانب: حمیرا خاتون صاحبہ رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ صحت کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں وہ یہ کہ مختلف دواساز کمپنیوں کی جانب سے ادویات کی قیمتوں میں رواں سال کے دوران ایک بار پھر سات فیصد اضافہ کر دیا گیا ہے جس کی وجہ سے شوگر، بلڈ پریشر، السر، سر درد سمیت دیگر عام بیماریوں کی ادویات مہنگی ہو گئیں ہیں۔ حکومتی قوانین کے تحت دواساز کمپنیاں ہر سال سات فیصد اضافہ کر سکتی ہیں لیکن رواں سال کے دوران دوسری بار مزید سات فیصد اضافے سے ملک میں خط غربت کے نیچے زندگی بسر کرنے والی 44 فیصد سے زائد آبادی براہ راست متاثر ہو گی جو کہ پہلے ہی مہنگائی کے ہاتھوں نان شبینہ کے محتاج ہیں۔ لہٰذا حکومت فوری طور پر ادویات کی قیمتوں میں دوسری بار ہونے والا حالیہ غیر قانونی اضافہ کا نوٹس لے۔

CALL ATTENTION NOTICE

Session No. 10th

Notice No. 755

Received Time 12:15

Received Date 14/9/19

From Mr. / Ms. [illegible] MPA

Receiver Sign.